© rasailojaraid.com

# اخبار و افکار

## وقائع نگار

### مکه مکرمه

۱۴ مارچ ۱۹۷۴ء کو مکہ مکرمہ میں موتمر المنظمات الاسلامیہ کا انعقاد ہوا۔ یہ کانفرنس رابطہ عالم اسلامی نے طلب کی تھی، اس کا مقصد یہ تھا کہ مسلمانوں کی جو انجمنیں اور جمعیتیں دنیا کے مختلف حصوں میں کام کر رہی ہیں، ان کے اعمال میں ربط پیدا کیا جائے اس میں مختلف ممالک سے انجمنوں کے نمایندوں نے شرکت کی۔ اس میں باھمی تبادلۂ خیال کے علاوہ تبلیغ اسلامی کے لئے لائحہ عمل بنایا گیا۔ جہاں مسلمانوں کی تعداد کم ھے وھاں کی انجمنوں کے نمایندوں نے اپنے اپنے کاموں کی تفصیلات بیان کیں، ان کی امداد کے لئے راھیں پیدا کی گئیں اور مختلف کاموں کی سر انجام دھی کے لئے ذیلی مجالس کی تشکیل عمل میں آئی۔

مرکزی حکومت پاکستان کے سکریٹری قانون جناب جسٹس محمد افضل چیمہ صاحب نے اس کانفرنس میں شرکت کی۔ آزاد کشمیر کے صدر حکومت جناب سردار عبدالقیوم صاحب نے بھی ایک خصوصی دعوت پر اس کانفرنس کو مخاطب کیا۔ اور مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے حال زار سے شرکائے کانفرنس کو باخبر فرمایا۔ الاستاذ توفیق عویضہ نے مصری انجمنوں کی نمایندگی کی۔

اس کانفرنس کا افتتاح شاہزادہ امیر فواز بن عبدالعزیز نے کیا۔

### ڈبلن

آئرلینڈ کے دارالحکومت شہر ڈبلن میں مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے ۔ وہاں مسلمانوں کی ایک جمعیة بھی قایم ہے ۔ یہ جمعیة بڑا اچھا کام کررہی ہے ۔ سعودی عرب کے بادشاہ جلالة الملک فیصل نے اس جمعیة کی درخواست پر مرکز شبان المسلمین قایم کرنے کے لئے مبلغ سترہ ہزار اسٹرلنگ پاونڈ کا گراں قدر عطیہ دیا ہے ۔ اس رقم سے وہاں نوجوانان اسلام کا ایک مرکز قایم کیا جائے گا ۔

بنکاک

تھائی لینڈ سیام میں تیس لاکھ سے زیادہ مسلمان رہتے ہیں ۔ ان لوگوں نے پچھلے ماہ میں اپنی ایک مرکزی انجمن الحزب الاسلامی التایلندی کے نام سے بنالی ہے ۔ اس کا دفتر تھائی لینڈ کے دارالحکومت شہر بنکاک میں قایم کیا گیا ہے ۔ اس کے صدر جناب ماینوینگ منتخب ہوئے ہیں ۔ سارے ملک کی بکھری ہوئی چھوٹی چھوٹی انجمنوں کا مرکزی انجمن سے الحاق کردیا گیا ہے ۔

شہر بنکاک کی تقریباً گیارہ لاکھ کی آبادی میں دولاکھ سے زیادہ مسلمان ہیں ۔ یہ اکثر و بیشتر شہر کے محنت کش اور کاریگر طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں ۔ کچھ تھوڑے سے تجارت پیشہ بھی ہیں ۔

بیروت

یہودیوں کی جدید ترین شرارت یہ ہے کہ انھوں نے ایک بڑی تعداد میں قرآن مجید کا ایک محرف نسخہ شایع کیا ہے ۔ اس نسخہ کے اوپر ''مصحف الحرمین،، چھپا ہوا ہے ۔ آخر میں لکھا ہے کہ یہ نسخہ دارالاندلس للطباعة والنشر، بیروت میں چھپا ہے ۔ اس نسخہ میں سے بہت سی آیتیں اور متعدد سورتیں نکال دی گئی ہیں ۔ سورۂ الحجرات، سورۂ ق، سورۂ الذاریات، سورۂ الطور اور سورۂ النجم بالکلیہ خارج کردی گئی ہیں ۔ اس کے علاوہ بہت سی سورتوں سے آیات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خارج کردی گئی ہیں ۔ اور بہت سی سورتوں میں دوسری سورتوں کی آیتیں جا بجا لگادی گئی ہیں ۔

اس نسخہ کے خلاف عربی اخبارات خصوصاً اخبار العلم مراکش میں مضامین شایع ہورہے ہیں ۔

## کوالالم پور

ملیشیا کے صدر مقام کوالالم پور میں ۲۸ سربرآوردہ غیر مسلموں نے بطیب خاطر اسلام قبول کیا ۔ ان نو مسلم بھائیوں کے اعزاز میں نائب وزیر اعظم ملیشیا نے ایک دعوت دی جس میں بعض مسلم ممالک کے سفراء نے بھی شرکت کی، اپنے نئے بھائیوں سے گرم جوشی سے ملے اور ان کے لئے استقامت و توفیق خیر کی دعاء کی ۔

© rasailojaraid.com